# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 06 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::سرخیاں:::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیراعظم کے ہاتھوں آج تمل ناڈو کے رامیشورم میں تعمیر کئے گئے پمبن ریلوے پل کا افتتاح۔

☆ آئندہ برس تک ملک سے نکسلیت ختم کرنے کا مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا عزم۔

☆ خیراتی اسپتالوں کے انتظامات پر آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے کنٹرول کرنے کا حکومت کا فیصلہ۔

☆ لاتور میونسپل کارپوریشن کے کمشنر بابا صاحب منوہرے کی سر میں گولی داغ کر خودکشی کی کوشش۔

اور۔۔۔☆ رام نومی کی مناسبت سے آج جگہ جگہ رام مندروں میں رام کی سالگرہ کے جشن سمیت مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیراعظم نریندر مودی آج رام نومی کے موقع پر تامل ناڈو کے رامیشورم کا دورہ کریں گے۔ رامیشورم شہر کے مرکزی حصے کو جوڑنے والے نئے پمبن ریلوے پل کا افتتاح وزیراعظم کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔ یہ پروگرام آکاشوانی سے براہ راست نشر کیا جائے گا۔

سمندر پر تعمیر کیا گیا یہ بھارت کا پہلا عموری پُل ہے۔ ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے 550 کروڑ روپیوں کی لاگت سے بننے والے اس تقریباً 3 کلومیٹر طویل پُل کے بارے میں معلومات دی جسے ریلوے انجینئرنگ کی تاریخ میں ایک معجزہ سمجھا جا رہا ہے۔ رامیشورم اور تامبرم کے درمیان ریلوے خدمات کو وزیراعظم مودی ہری جھنڈی دکھائیں گے۔ اس پروگرام کے بعد مودی رامیشورم کے رام ناتھ سوامی مندر میں شری رام کے درشن اور پوجا کریں گے۔ جس کے بعد وہ ایک تقریب سے خطاب کریں گے کل 8 ہزار 3 سو کروڑ روپیوں کے پروجیکٹس کا افتتاح اور سنگ بنیاد وزیراعظم کے ہاتھوں رکھا جائے گا۔

***** **** *****

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ حکومت آئندہ برس تک نکسلیت کو ختم کر دے گی۔ وزیر موصوف کل چھتیس گڑھ کے ضلع بستر کے دنتے واڑہ میں منعقدہ بستر التواء کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر انہوں نے نکسلیوں سے ہتھیار ڈالنے اور مرکزی دھارے میں شامل ہونے کی اپیل کی۔ امت شاہ نے چھتیس گڑھ کے قبائلی فن اور دستکاری کو فروغ دینے کے لئے بستر پانڈم کی تعریف کی۔

***** **** *****

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ خیراتی اسپتالوں کے مکمل انتظامات اب ایک آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے کئے جائیں گے۔جس پر حکومت کا کنٹرول ہوگا۔دینا ناتھ اسپتال میں پیش آئے واقعے کے پس منظر میں وزیراعلیٰ کل پونے میں صحافیوں سے بات کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ اس نظام کو جلد از جلد نافذ کیا جائے گا۔پھڑنویس نے بتایا کہ اس نئے نظام سے خیراتی اسپتالوں کے انتظامات میں کافی مثبت تبدیلیاں آئے گی۔

اسی بیچ وزیراعلیٰ نے دینا ناتھ اسپتال معاملے میں ہلاک ہونے والی مریضہ تنیشا بھیسے کے اہل خانہ سے کل ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے بھسے خاندان کو اس معاملے کی مکمل تحقیقات کرنے اور سخت کارروائی کرنے کا تیقن دیا ہے۔اس دوران رکن اسمبلی امیت گورکھے موجود تھے۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ پھڑنویس نے کل پونے میں محکمہ محصول کی ایک ورکشاپ کے دوران محکمے کی ویب سائٹ اور مختلف آن لائن خدمات کو عوام کے نام وقف کیا۔اس محکمے سے متعلق گذشتہ 5 /برسوں میں جاری کئے گئے حکومتی فیصلوں ،سرکلر،نوٹیفکیشن اور کسٹم آفیسرس مینولس، پر مشتعل کتاب کا اجراء وزیراعظم کے ہاتھوں عمل میں آیا۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ یقین دہانی کرائی ہے کہ مخالفین کی جانب سے کتنی ہی رکاوٹیں پیدا کی جائے، لاڈلی بہن اسکیم بند نہیں کی جائے گی۔نائب وزیراعلیٰ کل کولہاپور ضلع کے رادھانگری تعلقے میں واقع سروڈے میں اپنی پارٹی کو منظّم کرنے کی خاطر نکالی گئی یاترا کے دوران ایک جلسے سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر انہوں نے اپنی پارٹی کے کارکنان سے کہا کہ مقامی خود مختار ادارے اقتدار کی بنیاد ہیں۔اس لئے ان کے انتخابات کو اہمیت دیں اور ان میں کامیابی حاصل کریں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے ہنرمندی، روزگار اور انترپرینرشپ محکمے کی جانب سے چیف منسٹر یوتھ ورک ٹرینی اسکیم شروع کی گئی ہے۔اس اسکیم کے تحت اب گذشتہ 6 مہینوں کی تربیت کی بجائے 11 مہینوں کی مدت کے لئے ٹریننگ دی جائے گی۔اس دوران زیر تربیت نوجوانون کا اسٹیپنڈ ان کے کھاتوں میں براہ راست منتقل کردیا جائے گا۔انتظامیہ کی جانب سے اپیل کی گئی ہے کہ دلچسپی رکھنے والے امیدوار Mahaswayam.co.in اس ویب سائٹ سے مزید معلومات حاصل کریں۔

اسی دوران چیف منسٹر فیلوشپ پروگرام کا اعلان کیا گیا۔اس پروگرام کے تحت 60 امیدواروں کا انتخاب کیا جائے گا۔اس بارے میں انتخابی عمل کی مکمل معلومات ریاستی حکومت کی ویب سائٹ پر دی گئی ہے۔

***** ***** *****

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کل وقف ترمیمی بل کو منظوری دی۔اب اس بل نے قانونی شکل اختیار کرلی ہے۔یہ بل رواں ہفتے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں منظور کیا گیا تھا۔ساتھ ہی صدر جمہوریہ نے مسلم وقف ریپیل بل کو بھی منظوری دی۔

***** ***** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن کے کمشنر بابا صاحب منوہرے نے خود کے سر میں گولی داغ کر خودکشی کرنے کی کوشش کی ۔ یہ واقعہ کل رات ان کی سرکاری رہائش گاہ میں پیش آیا۔ لاتور کے سہیادری اسپتال میں ان کا علاج کیا جارہا ہے۔ ڈاکٹروں نے ان کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے۔

***** ***** *****

رام نومی کا تہوار آج منایا جارہا ہے۔ اس مناسبت سے ملک بھر کے رام مندروں میں شری رام کی سالگرہ کے جشن سمیت مختلف پروگرامس منعقد کئے جارہے ہیں۔ اس موقع پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ہم وطنوں کو رام نومی کی مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بھگوان رام کی زندگی سچائی، مذہب اور اخلاقیات کے راستے پر چلنے کی ترغیب دیتی ہے۔

***** ***** *****

رام نومی کے پیش نظر آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں سخت پولس بندوبست کیا گیا ہے۔ پولس کمشنر پروین پوار کی زیر صدارت کل امن کمیٹی کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس مناسبت سے پولس شہر میں روٹ مارچ اور گشت کررہی ہے۔ ساتھ ہی ریاستی ریزرو پولس فورس، فساد مخالف دستہ اور سادے لباس میں بھی پولس خصوصی گشت کررہی ہے۔ اس موقع پر پولس کمشنر نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سوشل میڈیا پر پیغامات ارسال کرتے ہوئے احتیاط برتیں اور افواہیں نہ پھیلائیں۔

***** ***** *****

داخلہ کے ریاستی وزیر مملکت یوگیش کدم پرسوں بیڑ کے دورے پر آئے تھے اس دوران ان کا موبائیل فون گم ہوگیا۔ کدم نے مساجوگ میں مقتول سرپنچ سنتوش دیشمکھ کے اہل خانہ سے ملاقات کی اس وقت انہیں موبائیل غائب ہونے کا علم ہوا۔ اس معاملے میں کیج پولس اسٹیشن میں شکایت درج کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی محکمہ توانائی کی وزیر مملکت اور پربھنی ضلع کی سرپرست وزیر میگھنا بورڈیکر نے وزیر اعظم سوریہ گھر اسکیم اور وزیر اعلیٰ سور کرشی واہنی اسکیم کے نفاذ اور استعمال میں اضافے کی خاطر زیادہ سے زیادہ کاوشیں کرنے پر زور دیا ہے۔ پربھنی میں کل وزیر موصوفہ کو اسٹیٹ الیکٹریسٹی ٹیکنیکل ورکرس ایسوسی ایشن کی جانب سے توانائی کی وزیر مملکت نامزد کئے جانے پر مبارکباد دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت صاف اور گرین اینرجی پیدا کرنے پر زور دے رہی ہے اس لئے سب کی ذمہ داری بڑھ گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے ہدگاؤں تعلقے کے شرڑ میں واقع پی ایم شری ضلع پریشد پرائمری اسکول میں یوگا کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ادیب ڈاکٹر رام واگھمارے نے رہنمائی۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کو چاہئے کہ عظیم شخصیات کے کردار سے تحریک حاصل کریں وہیں محنت اور مسلسل مشق کے ذریعے آسانی سے کامیابی حاصل کریں۔ اس کیمپ میں اساتذہ طلباء اور والدین نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

***** ***** *****

بیڑ کے رکن اسمبلی سندیپ شرساگر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ گذشتہ دودنوں کے دوران ہونے والی بے موسم بارش سے کسانوں کو ہونے والے نقصانات کے فوری پنچ نامے کئے جائیں اور جلد از جلد کسانوں کو نقصان کا معاوضہ ادا کیا جائے۔ انہوں نے اس تعلق سے کل ریاستی حکومت کو ایک محضر پیش کیا۔

***** ***** *****

بھارتی دستور کے امرت مہوتسو کے موقع پر پربھنی میونسپل کارپوریشن کی جانب سے آئین پر مشتمل سوالات کی کوئز کا اہتمام کیا گیا۔ اس مقابلے میں 34 اسکولوں کے 102 طلباء نے حصہ لیا۔ آئین کے ماہر ڈاکٹر بھیم راؤ کھاڈے نے اس موقع پر رہنمائی کی اور ہر بھارتی شہری سے دستور میں درج فرائض سے آگاہ رہنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے نل درگ کے تحصیل دفتر میں چند تکنیکی معاملات کی تکمیل کا عمل جاری ہے۔ جس کے بعد دفتر کام کاج کے لئے کھول دیا جائے گا۔ تلجاپور کے رکن اسمبلی راناجگجیت سنگھ پاٹل نے کہا کہ اس سے شہریان کو ضرور بڑا فائدہ ہوگا۔ پاٹل کل تلجاپور میں بول رہے تھے۔

***** ***** *****

اب موسم کا حال:

آنے والے دودنوں میں کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں بارش کا امکان ہے۔ اس دوران مراٹھواڑہ اور ودربھ میں موسم معتدل رہے گا۔ ریاست میں کل سب سے زیادہ درجہ حرارت برہماپوری میں ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح مراٹھواڑہ کے دھاراشیو اور چھترپتی سمبھاجی نگر اضلاع میں 36.8 ڈگری سیلسیس پربھنی میں 35 جبکہ بیڑ میں 37.4 ڈگری تپش ریکارڈ کی گئی۔

::::::سرخیاں::::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ وزیر اعظم کے ہاتھوں آج تمل ناڈو کے رامیشورم میں تعمیر کئے گئے پمبن ریلوے پل کا افتتاح۔

☆ آئندہ برس تک ملک سے نکسلیت ختم کرنے کا مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کا عزم۔

☆ خیراتی اسپتالوں کے انتظامات پر آن لائن پلیٹ فارم کے ذریعے کنٹرول کرنے کا حکومت کا فیصلہ۔

☆ لاتور میونسپل کارپوریشن کے کمشنر باباصاحب منوہرے کی سر میں گولی داغ کر خودکشی کی کوشش۔

اور۔۔۔☆ رام نومی کی مناسبت سے آج جگہ جگہ رام مندروں میں رام کی سالگرہ کے جشن سمیت مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****